© rasailojaraid.com



**اقراء ڈائجسٹ کا قطب الاقطاب نمبر جلد اول** مدیر اعلیٰ مولانا مفتی ولی حسن صاحب و مولانا محمد یوسف لدھیانوی صفحات ۴۲۲ قیمت ۱۵ روپے ۔ پتہ :۔ اقراء ڈائجسٹ، پوسٹ بکس نمبر ۲۴۷ ناظم آباد۔ کراچی ۱۸

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ اللہ کے ایک مخلص و مقبول بندے ایک عظیم شیخ و مربی، ایک کامیاب مصنف و مدرس، ایک باکمال داعی و مبلغ، ضربات دینی و علمی اور کمالات ظاہری و باطنی کے جامع، مدارس و جامعات، حلقہ ہائے درس، گوشہ ہائے تصنیف و تالیف، خانقاہوں کی پرسکون فضاؤں اور سعی و جہد و جہد کی متحرک و پرزور رزمگاہوں میں نہ صرف مشہور و متعارف بلکہ یگانۂ روزگار تھے۔ حضرت الشیخ کی زندگی تعلیم و تدریس، رشد و ہدایت اصلاح و انقلاب کا ایک نمونہ اور اکابر و اسلاف امت کی نشانی تھی۔ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نے آپ کی سوانح لکھی۔ الفرقان لکھنؤ نے دو جلدوں میں خصوصی نمبر شائع کیا اور اب ماہنامہ اقراء ڈائجسٹ کراچی کے کارپردازوں نے جدید و آسان، عامۃ المسلمین کے لئے نافع، ہمہ پہلو جامع حضرت الشیخ رح کی زندگی کے تمام گوشوں کو حاوی ہر طبقہ کے لئے متاع بے بہا اور سب کے لئے یکساں طور پر مفید خصوصی نمبر کی جلد اول شائع کرکے تمام امت بالخصوص برصغیر کے مسلمانوں پر عظیم احسان فرمایا ہے۔ جلد اول طبع ہوکر منظر عام پر آگئی ہے لکھنے والوں میں مولانا مفتی ولی حسن، مولانا مفتی احمد الرحمٰن، مولانا محمد جمیل خان، مفتی خالد محمود، مولانا محمد یوسف لدھیانوی، تقی الدین ندوی اور مولانا محمد ابراہیم فانی کے گراں قدر تحریرات کے علاوہ خود حضرت الشیخ رح کے بعض منتخب مضامین کو شریک اشاعت کیا گیا ہے۔ مضامین کی واقفیت و جامعیت سادگی و اثر انگیزی اور مفید عام ہونے کے لئے خود یہ بات کافی ہے کہ ان کا تعلق حضرت الشیخ رح کی سوانح کے کسی پہلو سے ہے لکھنے والے ملک کی عظیم علمی و روحانی اور باکمال شخصیتیں ہیں۔ یقین ہے کہ احباب اس کی قدر کریں گے۔ اور توقع ہے کہ ادارہ اقراء جلد دوم کو بھی نقش اول کی طرح جامع اور شایان شان طریقہ سے منظر عام پر لائے گا۔ (ع ق، ح)

**مناسک الحج** مؤلف و مترجم، مولانا غلام مصطفےٰ علوی نورپوری۔ صفحات ۳۰۰ قیمت درج نہیں۔ پتہ :۔ دارالعلوم عثمانیہ ۸۵ رسول پارک۔ لاہور

بیت اللہ شریف دنیا کا پہلا معبد اور ہر طرح کی ظاہری و باطنی حسی اور معنوی برکتوں سے معمور ہے اور اخلاقی و دینی تعلیمات کا مرکز اور مرجع خاص و عام ہے جہاں ہر سال ذوالحجہ کے مہینے میں تمام مسلمانان عالم کا عظیم الشان اور بے نظیر اجتماع ہوتا ہے۔ اس مبارک و پرامن اجتماع کے موقعہ پر ہر سال مسلمانان عالم کا ایک معتدبہ حصہ لاکھوں کی تعداد میں مقامات مقدسہ کی زیارت، مناسک حج و عمرہ کی ادائیگی، انفرادی و اجتماعی عبادات کی ادائیگی اور اللہ کی بارگاہ میں انتہائی مودبانہ و مخلصانہ خشوع و خضوع، الحاح و زاری کے



© rasailojaraid.com